22جولائی2025ء

بینک دولت پاکستان نے آئندہ سے "ششماہی مانیٹری پالیسی رپورٹ "شائع کرنے کا اعلان کیا ہے اور مالی سال26ء کے لیے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کا پیشگی کیلنڈر جاری کیا ہے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اسٹریٹجک پلان "وژن 2028" کے مطابق اور مانیٹری پالیسی کی تیاری میں شفافیت بڑھانے کے لیے اسٹیٹ بینک ششماہی بنیاد پر ایک "ششماہی مانیٹری پالیسی رپورٹ "شائع کرے گا۔ یہ رپورٹس جولائی اور جنوری کے ایم پی سی اجلاسوں کے بعد دو ہفتے کے اندر شائع ہوں گی۔ ان رپورٹوں میں اسٹیٹ بینک اہم اقتصادی اظہاریوں کے بارے میں اپنی پیش گوئیوں کو اپ ڈیٹ کرے گا۔ اس کے علاوہ اہم اسٹیک ہولڈرز کے لیے مانیٹری پالیسی سے متعلق معلومات بھی ان رپورٹوں میں شامل ہوں گی۔ ان کوششوں کا مقصد مہنگائی کی توقعات کو قابو میں لاکر مانیٹری پالیسی کی ترسیل کے اثرات میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ کوششیں اس لیے بھی کی جارہی ہیں کہ اسٹیٹ بینک مہنگائی کو ہدف بنانے والا نظام اپنانے کی طرف پیش رفت کرنا چاہتا ہے، اور یہ اقدامات ان کوششوں کا حصہ ہیں۔

مزید بر آں، ادارہ جاتی شفافیت بڑھانے اور طویل مدت کے دوران مالی منصوبہ بندی کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز میں اعتماد پیدا کرنے کی غرض سے اسٹیٹ بینک نے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کے پیشگی کیلنڈر میں توسیع کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں پورے مالی سال26ء کے لیے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کا شیڈول درج ذیل ہے :

1۔ بدھ،30جولائی 2025ء

2۔ پیر، 15 ستمبر2025ء

3۔ پیر، 27اکتوبر2025ء

4۔ پیر، 15 دسمبر2025ء

5۔ پیر 26 جنوری 2026ء

6۔ پیر 9مارچ2026ء

7۔ پیر 27اپریل 2026ء

8۔ پیر 15جون2026ء

زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کا اگلا پیشگی کیلنڈر جولائی 2026ء میں جاری کیا جائے گا۔

اگر اعلان کردہ تاریخوں پر غیر متوقع حالات میں اجلاس کا انعقاد نہ ہو سکا تو اسی وقت نئی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔

****